سحابِ کرم

مرتبہ

پروفیسر حافظ احمد بخش
(ایم۔ اے اکنامکس)

ناشر
مکتبہ الکرم ۸۲۔ شاپنگ سنٹر کچہری چوک گجرات

Marfat.com

سحابِ کرم

مرتبہ

پروفیسر حافظ احمد بخش
(ایم۔اے اکنامکس)

مکتبہ الکرم
۸۲۔ شاپنگ سنٹر کچہری چوک گجرات

ہماری ساری عرضداشت کا حاصل

بمنزل کوش مانند مہ نو
دریں نیلی فضا ہر دم فزوں شو

مقام خویش اگر خواہی دریں دیر
بحق دل بند و راہ مصطفی رو
صلی اللہ علیہ وسلم

اقبال

Marfat.com

عرضِ ناشر

ضیاءُ الامّت حضرت پیر محمد کرم شاہ الازہری کی ذات سے علم و نُور کا جو فیضان جاری ہے اس سے ایک زمانہ فیض یاب ہو رہا ہے۔ اندرونِ ملک اور بیرونِ ملک آپ کے ہزاروں شاگرد اور متعلقین دینِ حقہ کی اشاعت میں مصروفِ کار ہیں۔ اور آپ کے علمی، قلمی اور رُوحانی فیوض و برکات سے لاکھوں تشنگان اپنی پیاس بجھا رہے ہیں۔

میری خواہش تھی کہ حضرت ضیاءُ الامّت کے ارشادات اور تعلیمات کے فروغ کے لیے کام کیا جاتے۔ چنانچہ جب برادر محترم پروفیسر حافظ احمد بخش صاحب نے مجھے بتایا کہ حضرت ضیاءُ الامت کا ایمان افروز خطاب "عصرِ حاضر اور اُن کی ذمہ داریاں"، دارالعلوم محمدیہ غوثیہ کے فضلاء کے کنونشن ۸۶ء کی رپورٹ اور دارالعلوم کے فضلاء کے کوائف پر مشتمل ڈائریکٹری کی اشاعت کی جانی چاہیئے تو میری خوشی کی انتہا نہ رہی اور اسی جذبہ کے تحت یہ سعادت حاصل کر رہا ہوں۔ اس سلسلہ میں، مَیں صاحبزادہ محمد حفیظ البرکات شاہ صاحب مینجر ضیاءُ القرآن پبلیکشنز و ایگزیکٹو ایڈیٹر" ماہنامہ ضیائے حرم" لاہور اور محترم حافظ احمد بخش (ایم اے اکنامکس) کا تہہ دل سے ممنون ہوں جنہوں نے قدم قدم پر میری رہنمائی کی اور مَیں "سحاب کرم" کی اشاعت کی سعادت حاصل کرنے کے قابل ہوا۔ امید ہے۔ میری یہ کوشش آپ کو پسند آئے گی۔ اس میں اگر کہیں کوئی خامی رہ گئی ہو تو مجھے اس سے مطلع کر دیں۔ اور مستقبل میں اپنے قیمتی مشوروں سے ضرور نوازتے رہیے۔

محمد عبد اللہ

مینجر مکتبہ الکرم۔ کچہری چوک۔ گجرات

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمہ

ایک دن بی۔ اے کی کلاس میں طلباء کے ساتھ تربیتی سلسلہ میں گفتگو جاری تھی کہ ایک عزیز نے سوال کیا۔

"ہم اپنے بزرگوں سے سنتے آئے ہیں کہ فلاں فلاں خانقاہ سے متصل کسی زمانہ میں اتنے عظیم مدارس تھے کہ دورِ جدید کی کسی بھی یونیورسٹی سے انہیں کم مقام نہیں دیا جا سکتا لیکن تاریخ کے صفحات پر وہاں سے علمی اکتساب کرنے والوں کا تذکرہ نہیں ملتا آخر وجہ کیا ہے! یہ تاریخ دانوں کی ستم ظریفی ہے یا حادثات زمانہ"

سوال کی موافقت سے میں نے انہیں کو چند دلائل کے ذریعے اطمینان دلا دیا لیکن میں اپنے دل میں ایک خلش سی لے کر رہ گیا۔ آخر ہمارے ساتھ ایسا کیوں ہوتا ہے اور اگر اس دور میں ہو رہا ہے تو کم از کم مستقبل میں تو نہیں ہونا چاہیئے میں نے اسی دن سے پکا عہد کر لیا کہ دار العلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف کے فارغ التحصیل علماء کے ساتھ ایسا نہیں ہو گا "انشاء اللہ"

اس سلسلہ میں دو قسم کے پروگرام میرے ذہن میں آئے۔

۱۔ فارغ التحصیل علماء کے تفصیلی سوانحی خاکے تیار کیے جائیں اس کے بارے میں نے دورہ حدیث شریف کے طلباء سے گزارش کی کہ وہ آخری مقالوں کے موضوعات کا انتخاب کرتے وقت اس چیز کو خصوصی اہمیت دیں چنانچہ عزیز حافظ اللہ یار

Marfat.com

نے اس سلسلے کا آغاز کیا ان کے علماء سے رابطہ کے نتیجہ میں تقریباً ایک صد علماء کے کوائف میسر آسکے جنہیں ایک کتاب کی صورت میں ترتیب دے دیا گیا ہے جو احباب باقی ہیں ان سے رابطہ کے لیے میں نے عزیز محترم مولانا محمد اکرم لاہوری سے گزارش کی ہے وہ یہ خدمت سرانجام دیں آخری ریڈ یٹنگ کے بعد میں ان ہر دو مقالات کو جلد ہی کتابی صورت میں آپ کے سامنے پیش کرنے کی سعادت حاصل کروں گا۔

۲۔ علماء کے بارے ایک مختصر سا شعبہ وار جائزہ مرتب کیا جائے جو کسی بھی تحقیق کے میدان میں بنیاد کا کام دے سکے یہ کام "سحابِ کرم" کی صورت میں آپ کے سامنے ہے اس کتابچہ کی ابتداء میں علماء کی شعبہ وار تعداد درج کر دی گئی ہے تاکہ پتہ چل سکے کہ وہ کس شعبہ میں فرائض سرانجام دے رہے ہیں اِسے مفید تر بنانے نظریاتی بنیادوں کو جلا بخشنے اور ماضی سے رشتہ استوار کرنے کے لیے حضرت ضیاء الامت مدظلہ العالی کے دو اہم ترین خطابات کے ساتھ ساتھ پچھلے کنونشن کی کارروائی بھی شامل کر دی گئی ہے دوران ترتیب کوائف کے حصول میں انتہائی مشکلات پیش آئیں لیکن کسی حد تک صحیح کوائف درج کرنے کی کوشش کی گئی ہے اگر کسی وجہ سے کوئی سہو ہو گیا ہے یا کسی دوست کے کوائف درج نہیں ہو سکے تو میں ان سے بطورِ خاص معذرت خواہ ہوں اصلاح اگلے ایڈیشن میں کر دی جائے گی کتابچہ کا نام سحابِ کرم اس لیے تجویز کیا گیا ہے کہ اب حضرت ضیاء الامت مدظلہ العالی کا علم و عرفان رحمت کی بارش کی صورت میں ہر جگہ فیض بار ہے اور اس کا عمل تعبیر دارالعلوم سے فارغ التحصیل ہونے والے علماء ہیں اس لیے علماء کے کوائف کو اسی نام سے موسوم کرنا ہی مناسب تھا۔

احمد بخش

جنرل سیکرٹری

جند اللہ بھیرہ شریف

Marfat.com

عصرِ حاضر

اور

ہماری ذمّہ داریاں

تقریر

حضرت پیر محمد کرم شاہ ایم اے (الازہر)

سجادہ نشین

بھیرہ شریف ضلع سرگودھا

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الحمد للّٰہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علیٰ شفیع المذنبین وخاتما لانبیاء والمرسلین وعلی الہ واصحابہ اجمعین ط

میں آج اس خصوصی محفل میں باوفا ساتھیوں اور عزیز از جان نوجوان، فضلاء کے سامنے اپنا دل کھول کر رکھنا چاہتا ہوں اور وہ کسک جو میں عرصہ سے شدت سے محسوس کر رہا ہوں۔ اُسے آپ کے سامنے بیان کرنے کی اجازت چاہتا ہوں تاکہ اگر میرے مجروح دِل پر کوئی مرہم رکھنے کی اہلیت رکھتا ہے میری اداس اور غمزدہ روح کو کوئی نوید راحت سنا سکتا ہے تو آگے بڑھے اور ایسا کر دکھائے، اور اگر میں اس اجتماع میں سے کسی کی توجہ اور ہمدردی مبذول نہ کرا سکوں تو پھر اپنی حرماں نصیبی پر جی بھر کر آنسو بہا سکوں۔

کوئی قافلہ منزل کے بغیر قافلہ کہلانے کا حق نہیں رکھتا۔ اسی طرح کسی متعین مقصد کے بغیر کوئی قوم اپنے آپ کو قوم نہیں کہلا سکتی۔ اور جب تک قوم کے دل میں اپنے مقصد سے جنون کی حد تک عشق نہ ہو، وہ نہ کوئی معرکہ سر کر سکتی ہے۔ اور نہ ناساعد حالات اور مخالف لہروں کا مقابلہ کر کے اپنی کامیابی اور ناموری کے جھنڈے گاڑ سکتی ہے۔ اسی طرح کوئی فرد خواہ وہ علمی اور فکری اعتبار سے کتنا عظیم کیوں نہ ہو۔ تعین مقصد اور اس کے حصول کے لیے مردانہ وار جدوجہد کے بغیر نہ اپنی خودی کی صحیح نشو ونما کر سکتا ہے نہ عروس گیتی کو سنوارنے میں کوئی حصہ لے سکتا ہے اور نہ اپنے خالق کی ان نعمتوں کا شکریہ ادا کر سکتا ہے۔ جن سے اس کریم نے اس کو مالا مال کیا ہے۔

ہیچ قوم زیر چرخ لاجورد
بے جنونِ ذوفنوں کارے نکرد

Marfat.com

خون ناب سے اس کو سینچا، اپنے زریں کارناموں سے اسلام کو چار چاند لگائے۔ اللہ تعالے کے نام کو بلند کرنے کے لیے سر بکف، کفن بدوش باطل کا مقابلہ کرنے کے لیے نکلے اور قیصر و کسریٰ کی وسیع مملکتوں پر اسلام کا پرچم لہرایا۔ اس کور باطن گروہ کا کام رات دن ان پاکبازوں پر الزام تراشی ہے جن کے نام سے اسلام کی عظمت اور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان رحمۃ للعالمینی کی روائتیں وابستہ ہیں ہماری بے خبری اور جہالت کے باعث یہ فتنہ بھی طاعون اور ہیضہ کی طرح تیزی سے پھیل رہا ہے۔ جو آیات منافقین کے حق میں اتری تھیں۔ بر سرِ عام انہیں صحابہ کرام پر چسپاں کیا جا رہا ہے۔

ان کے علاوہ ایک اور فتنہ بھی مصروف کار ہے جس کے پیش نظر تقدس نبوت اور احترامِ رسالت کے عقیدہ سے مسلمانوں کو محروم کرنا ہے ان کے سارے مذاکرے ان کے سارے مواعظ ان کی ساری تصنیفات اس ایک امر پر مرتکز ہو گئی ہیں کہ نبی کو اس کے مقام رفیع سے نیچے اُتار کر ایک عام انسان کے دوش بدوش کھڑا کر دیا جائے ان کی اس روش نے فتنہ انکار سنت کو جنم دیا ہے۔ وہ کسی کافر کو تو مسلمان کرنے کی ہمت نہیں رکھتے۔ البتہ مشرک سازی کی مہم چلانے میں یہ بڑے بیباک ہیں۔ تمام وہ آئتیں جو مشرکین عرب کے حق میں نازل ہوئی تھیں۔ ان کو غلامانِ مصطفٰے علیہ الطیب التحیۃ والثناء پر منطبق کرتے ہیں۔ اور ہر اس خوش نصیب کو جسے عشق حبیب کبریا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دولت سرمدی ارزانی ہوئی ہے۔ اس کو دائرہ اسلام سے خارج کرنا اپنے موحد ہونے کے لیے شرطِ اول قرار دیتے ہیں۔

یہ سارے فرقے امت محمدیہ علیٰ صاحبہا افضل الصلوٰۃ والسلام کے سوادِ اعظم سے نکلے تھے۔ فتنہ پردازوں نے اسی ایوان رفیع الشان سے اینٹیں اکھاڑ اکھاڑ کر اپنے گھرانے تعمیر کر لیے۔ ابھی مزید ھدم و تخریب کا سلسلہ جاری ہے فتنہ و فساد برپا کرنے والے دلیر بھی ہیں اور عیار بھی۔ منظم بھی ہیں اور موقع شناس بھی انہوں نے جب

Marfat.com

اہل سنت کو مدہوش پایا۔ تو ان کی مدہوشی اور غفلت سے خوب فائدہ اٹھایا۔ بڑی چابک دستی اور ہنر مندی سے ان کی صفوں میں مزید انتشار پھیلاتے رہے۔ بڑی مہارت اور عیاری سے اپنے آپ کو متحد اور منظم کرتے رہے۔ ملکی صنعتوں پر چھا گئے۔ بڑے بڑے عہدوں کو ہتھیا لیا۔ کاروبار پر قبضہ جمایا۔ تعلیمی اداروں میں اپنی اجارہ داری قائم کی اور صحافت کے میدان میں تمام کلیدی مراکز پر اپنا تسلط جما لیا۔ وہ ہر لمحہ نہایت عقلمندی سے اپنے مشن کو آگے بڑھانے میں مصروف رہے۔ دنیاوی مناصب و مفادات کے حصول میں ان کی جماعت نے کیونکہ ان کا ساتھ دیا تھا۔ اس لیے وہ اپنی جماعت کی مالی حالت کو مستحکم بنانے کے لیے دل کھول کر چندے دیتے رہے۔

سوادِ اعظم اہل سنت و جماعت کے اکابر نے ظلمت کدۂ ہند کے گوشہ گوشہ میں اسلام کی شمعیں فروزاں کیں۔ ہر شہر ہر قصبہ اور ہر ایک دِہ سے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ کی صدائے دلنواز بلند ہونے لگی۔ اللہ اکبر کے نعرۂ مستانہ سے صحرا جنگل اور پہاڑ گونج اُٹھے۔ جن کے بزرگوں نے نو سو سال تک ہندوستان کی اسلامی مملکت کی سرپرستی کی اور جب بھی اور جہاں بھی الحاد و بے دینی نے سر اٹھانے کی کوشش کی۔ تو وہ حضرت احمد سرہندی بن کر نمودار ہوئے۔ باطل کے خس و خاشاک پر بجلی بن کر گرے اور اسے خاک سیاہ کر دیا۔ جن کے غیور اور بہادر علما و صلحاء نے ۱۸۵۷ء کے جہاد آزادی کی قیادت کی اور سینکڑوں کی تعداد میں درختوں کے تنوں کے ساتھ باندھ کر گولی سے اڑا دیئے گئے۔ صدہا جلاوطن کر دیے گئے اور ان کی کثیر تعداد جیلوں میں ٹھونس دی گئی۔ وہ جہاد جس نے انگریز کے استعمار کی بنیادوں کو لرزا دیا تھا۔ اس کی قیادت۔ شمع رسالت کے پروانے، درسِ محبت کے دیوانے حضرت مولانا فضل حق خیر آبادی نے فرمائی۔ اور اس کی سزا میں انہیں جزائر انڈیمان جلا وطن کر دیا گیا۔ اور وہیں آپ نے جامِ شہادت نوش فرمایا۔ پھر آپ کے اکابر نے ہی قائد اعظم کا

پوری ہمت اور دیانت سے ساتھ دیا۔ اور اپنے ایمان جنوں پرور کی قوت سے انگریز ہندو اور قوم پرست مولویوں کے عزائم مذمومہ کو ناکامی اور رسوائی سے دوچار کیا۔

اس عظیم، نجیب اور سعید سوادِ اعظم کا یہ حال دیکھ کر میرا دل خون کے آنسو روتا میں دیکھتا کہ صنعتیں دن بدن ان کے قبضہ سے نکلتی جا رہی ہیں۔ ان کے نوجوانوں پر اعلیٰ ملازمتوں کے دروازے اس ہوشیاری سے بند کئے جا رہے ہیں کہ اس محرومی کا کسی کو شعور تک نہیں اور جب تک پانی سر سے نہ گزر جائے گا شاید ہم اس شعور سے محروم رہیں گے۔ ہمارے نوجوانوں میں بے روزگاری بڑھتی چلی جا رہی ہے اور بیروزگاری و غربت کے باعث سینکڑوں دوسرے عیوب تیزی سے ان میں سرایت کرتے جا رہے ہیں۔

ان کے گنتی کے چند سکول اور کالج ہیں۔ وہ بھی قومی شعور سے بے بہرہ اور بیگانہ ہیں۔ ان کے دینی تعلیمی ادارے کس مپرسی کے عالم میں ہیں اور جمود تے ان کو ہر قسم کی تگ و دو سے محروم کر دیا ہے اور میدان صحافت سے تو گویا کسی منظم سازش کے تحت انہیں نکال باہر کر دیا گیا ہو۔

یہ حوصلہ شکن حالات اور سنگین مسائل تھے جو مجھے چاروں طرف سر اٹھاتے ہوئے نظر آئے میں یہ تصور کر کے کانپ گیا کہ اگر یہ صورت حال کچھ عرصہ جاری رہی تو معاملہ ہمیشہ کے لیے تلپٹ ہو جائے گا۔ یہ سوادِ اعظم جس کا میں ایک ادنیٰ فرد ہوں۔ جس کی محبت میرے رگ و پے میں سمائی ہوئی ہے۔ جس کے دینی عقائد کی حقانیت پر میرا پختہ یقین اور پکا ایمان ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ انہوں نے دین کو جزوی طور پر قبول نہیں کیا۔ بلکہ کلی طور پر قبول کیا ہے۔ جن کے سینوں میں نورِ توحید درخشاں ہے جن کے دلوں میں عشق مصطفوی ﷺ کی شمع فروزاں ہے۔ جن کی روح صحابہ اہل بیت اولیائے ملت اور علماء ربانیین کی الفت سے سرشار ہے۔ وہ اگر خائب و محروم

Marfat.com

ہو کر زندہ رہنے پر مجبور کر دیجائیگی تو پھر کیا ہوگا!

میں یہ تصور کر کے لرز جاتا تھا، مجھے یہ احساس کچھ کرنے پر مجبور کرتا۔ اگر میرا بس چلتا تو ایسا صور پھونکتا اور بار بار پھونکتا تاکہ سارے سونے والے سُنتی جاگ اُٹھتے۔ اور اگر کوئی سونا چاہتا تو میں اس کے لیے سونا ناممکن بنا دیتا۔ اگر میرے مقدور میں ہوتا۔ تو میں ایسی دل دوز چیخ مارتا کہ پتھر دلوں میں شگاف ہو جاتے اور احساسِ زیاں سے سب بے چین و بے قرار ہو جاتے۔ طوفان بن کر آتا۔ اور فتنہ و فساد کے شعلوں کو بھسم کر کے رکھ دیتا۔ نسیم سحر بن کر چلتا، خوابیدہ غنچوں کو جگاتا۔ دل گرفتہ عنادل کو گدگداتا اور انہیں حیات آفرین نغموں پر مجبور کر دیتا۔ لیکن میں ایک ذرہ بے مقدار ایسا نہ کر سکتا تھا۔

مَیں نے سوچا۔ ملّت سے اپنی محبت کا اظہار کیسے کروں۔ اپنی وفاداری کا حق کیسے ادا کروں، مجھے اس کے ساتھ جو عشق ہے۔ اس عشق کی لاج کیسے رکھوں۔ میں نے خیال کیا۔ کہ میں اکیلا کچھ نہیں کر سکتا۔ ان بگڑے ہوئے حالات کو سنوارنے کے لیے اس ناسازگار ماحول کو سازگار بنانے کے لیے مجھے چند جانباز، غیرت مند، جفاکش اور باہمت ساتھیوں کی ضرورت محسوس ہوئی۔ ایسے جوانمرد ساتھی جو باطل کی گوشمالی کرنے کی ہمت رکھتے ہوں۔ جن کا علم سمندر کی طرح بیکراں اور جن کی سیرت مہرِ عالم تاب کی طرح روشن اور بے داغ ہو جن کی عتاب آلود نگاہ سے اس سارے ابلیسی نظام میں ہلچل مچ جائے جو تن آسان نہ ہوں بلکہ جفاکش ہوں۔ بے حس نہ ہوں، پرلے درجے کے حساس ہوں ضمیر فروش نہ ہوں، ایکاؤ مال نہ ہوں۔ بلکہ مسندِ فقر و درویشی پر بیٹھ کر دولتِ قارون پر تھوکنا بھی گوارا نہ کریں۔

میں نے اس مقصد کے حصول کے لیے اپنی زندگی کے سولہ[16] قیمتی سال آپ کی خدمت میں گزارے۔ اس عرصہ میں جو تکلیفیں بھی آئیں انہیں بتوفیقہ تعالیٰ بڑی خندہ پیشانی

Marfat.com

سے برداشت کیا۔ کئی عہدے پیش ہوئے، کئی منصبوں کی پیش کشیں ہوئیں، لیکن دل آوارہ کوئے محبت نے ان کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھنا بھی گوارا نہ کیا۔ سولہ سال کی مسلسل جانگسل اور خاموش تگ و دو کے بعد آپ حضرات کے سروں پر دستارِ فضیلت باندھی گئی۔

آج میں یہ دیکھنا چاہتا ہوں، کہ ان میں سے کتنے ایسے جوانمرد ہیں جو میری توقعات پر پورا اترنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ آپ میں سے کون ہے جو ساحل کی عافیت سے دل برداشتہ، اور موجوں اور گردابوں سے الجھنے پر آمادہ ہے۔ کتنے ایسے درویش ہیں جو نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نقشِ قدم پر چلنے کا شوق رکھتے ہوں، کون کون ہیں جو حضرت مصعب بن عمیرؓ کے اسوۂ مبارکہ کو اپنانے کے آرزومند ہیں۔ ؎

دے شیخ با چراغ ہمی گشت گردِ شہر
کز دیو و دد ملولم و انسانم آرزوست
زیں ہمرہانِ سست عناصر دلم گرفت
شیرِ خدا و رستم دستانم آرزوست
گفتم کہ یافت می نشود جستہ ایم ما
گفت آنکہ یافت می نشود آنم آرزوست

مجھے یقین ہے کہ آپ سب میری اس فریاد پر توجہ کریں گے میری اس دعوت پر لبیک کہیں گے۔ میرے مجروح دل پر مرہم رکھیں گے۔ ان امڈ کر آنے والے تند و تیز طوفانوں میں شمعِ اسلام کے لیے فانوس کا کام دیں گے۔ لیکن اگر آپ سب ایسا نہ کر سکیں صرف آپ کے اس گروہ سے چند دیوانے مجھے میسر آجائیں، تو میں اپنے آپ کو بڑا خوش نصیب کہوں گا۔ مجھے خون لگا کر شہیدوں میں شامل ہونے والوں کی ضرورت نہیں مجھے وعدہ کر کے بھلا دینے والوں کی ضرورت نہیں۔ مجھے پیمانِ وفا باندھ کر توڑ

Marfat.com

بیٹھنے والوں کی ضرورت نہیں مجھے روباہ صفت مصلحت کیش احباب کی ضرورت نہیں مجھے تو مردان پاکباز کی ضرورت ہے۔ مجھے ہمت و عزم کی چٹانوں کی ضرورت ہے مجھے تو اس دل دردمند اور طبع بے نیاز کی ضرورت ہے۔ جو روئے حبیب کے بغیر کسی کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھنا بھی شرک خیال کرتا ہے۔ جس کے نزدیک اپنے محبوبؐ پاک کے نام پر مٹ جانا حیات جاوید سے زیادہ عزیز ہے۔ جس کی سب سے بڑی تمنا یہ ہے کہ نقش پائے حبیب کبریا پر اپنی متاعِ حیات لٹا دے۔ اگر آج آپ میں سے کوئی ساتھی اس جہاد میں شرکت سے معذرت کر دے تو میں اسے معذور سمجھوں گا۔ لیکن اس جند اللہ میں نام لکھانے کے بعد اگر کوئی رفیق سفر بے رخی اور سرد مہری کا برتاؤ کرے گا تو وہ ایک ناقابل عفو جرم ہو گا۔

ارشاد ربانی سنیئے!

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِن تَنصُرُوا اللَّهَ
يَنصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ أَقْدَامَكُمْ

٭ ٭ ٭

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سُورج نصف النہار پر اپنی پوری آب وتاب سے چمک رہا ہے۔ دھُوپ کی شدت کے باعث فضا میں سیاہ رنگ کے ڈورے آنکھوں کے سامنے دوڑ رہے ہیں۔ گرمی سے پناہ لینے کے لیے پرندے درختوں کے پتوں میں چھُپے بیٹھے ہیں۔ لوگ صبح کے کام کاج سے فارغ ہو کر قیلولہ کے لیے محو استراحت ہیں، ایک معصوم صورت طالب علم اپنے ہاتھ میں چند کتابیں لیے شہر کی رنگینیاں چھوڑ کر موسم کی تلخیاں برداشت کرتا ہوا ایک کوئیں کے پاس چند درختوں کے نیچے بیٹھ کر مطالعہ میں مصروف ہو جاتا ہے۔ اس کے دل کی دھڑکنیں تیز تر ہوتی جا رہی ہیں۔ وقت بہت کم ہے ابھی ظہر کی آذان ہو گی اور مجھے واپس جا کر اپنے اُستادِ محترم کے سامنے حاضر ہونا ہے۔ قیلولہ کے یہ لمحات میرے لیے غنیمت ہیں مجھے ان لمحات میں ہی اپنے امتحان کی تیاری کرنا ہے۔ اس کا یہ ایک دن کا معمول نہیں بلکہ لوگوں نے ان اوقات میں اُسے اکثر اسی طریقۂ کار پر عمل پیرا دیکھا۔

کسے معلوم تھا کہ قدرت ایک طالب علم کے قیلولہ سے دستیر داری کی صورت میں ملتِ اسلامیہ کی تعلیمی تاریخ میں ایک نیا باب رقم کر رہی ہے۔ یہ طالب علم کون تھا؟ اور اس کے یہ مشاغل کیا تھے!

قارئین! یہ سلسلۂ مشائخ چشت کا روشن چراغ، حضرت غوث بہاوالحق والدین کے علمی و عرفانی خزانوں کا معنوی جانشین، پاکستان کی سب سے بڑی عدالت کا جسٹس ملتِ اسلامیہ کی امنگوں کا ترجمان، چمن اقبال کا دیدہ ور عظیم ترین علمی و فکری تحریک دارالعلوم محمدیہ غوثیہ کی نشاۃِ ثانیہ کا مرکزی کردار، پیر محمد کرم شاہ الازہری مدظلہ العالی ہیں۔ جنہوں نے اپنے دورِ طالب علمی میں صبح سے لے کر دوپہر تک اور ظہر سے عصر تک اپنے اساتذہ سے علوم عربیہ (درسِ نظامی) کے اسباق پڑھے۔ اور جو

Marfat.com

جو وقت قیلولہ کے لیے میسر آتا ماحول سے الگ تھلگ درختوں کے سایے میں علوم جدیدہ (معاشیات، سیاسیات، انگلش) میں مہارت تامہ حاصل کی اور ایف۔ اے اور بی۔ اے کے امتحانات پاس کرنے کے بعد دنیائے اسلام کی سب سے بڑی یونیورسٹی جامعہ الازھر سے ایم۔ اے اسلامک لاء کا امتحان پاس کیا۔ دورِ طالب علمی میں انہوں نے تعلیمی و تربیتی جانگسل مراحل کس طرح طے کیے۔ اور اپنی پوری زندگی کا لمحہ لمحہ کس عرق ریزی سے بسر کیا۔ اس کا اندازہ عام طور پر اُن کی زبان پر آنے والے اس شعر سے بخوبی ہو سکتا ہے۔ ؎

اے شمع تجھ پہ رات یہ بھاری ہے جس طرح
میں نے تمام عمر گزاری ہے اس طرح

انہیں اس نوخیز عمر میں جب کہ وہ ابھی میٹرک اور ایف۔ اے کے مراحل طے کر رہے تھے۔ یہ خیال کس طرح آ گیا کہ میں علوم قدیمہ و جدیدہ کو یکجا کر کے قوم کے لیے بہتر خدمات سرانجام دے سکتا ہوں؟ یا میرے ذریعے قدرت ملت اسلامیہ کے دو مختلف طبقات میں ہم آہنگی پیدا کرے گی۔ اسے بقولِ اقبالؒ محض قدرت کی عطا اور فیاضی ہی کہا جا سکتا ہے۔ ؎

میری مشاطگی کی کیا ضرورت حُسنِ معنی کو
فطرت خود بخود کرتی ہے لالہ کی حنا بندی!

جامعہ ازھر سے فراغت کے بعد وطن واپس آ کر آپ نے اپنی زندگی کے مصرف کے بارے سوچا اور خود ہی ارشاد فرماتے ہیں: میں نے اپنے دل میں یہ عزم کیا کہ میں وہ کام کروں گا جو تین خصوصیات کا حامل ہو گا۔

۱۔ نتیجہ خیز ہو۔

۲۔ اس کا نتیجہ وقتی نہ ہو۔

Marfat.com

۳۔ اس کو عملی جامہ پہنانا میرے بس میں ہو۔

دل نے فیصلہ کیا کہ ایک دینی تعلیمی ادارہ ہی ان خصوصیات کا حامل ہو سکتا ہے۔ بیشک زندگی کی اور بہت سی راہیں تھیں، مختلف اداروں کی طرف سے پیشکشیں بھی جاری تھیں لیکن دل کی سوئی دارالعلوم محمدیہ غوثیہ کی نشاۃِ ثانیہ کے نشانے پر آکر رُکی، اور ۱۹۵۷ء میں مسجد دربارِ عالیہ امیر السالکین حضرت پیر امیر شاہؒ سے متصل ایک چھوٹے سے کمرے اور پانچ طلبا سے یہ قافلہ جانبِ منزل سرگرمِ عمل ہوا۔ بے شمار مشکل مراحل آئے۔ مخالفتوں کے طوفان اُٹھے۔ رکاوٹوں کی آندھیاں چلیں لیکن جادۂ عشق و مستی کے مسافر جانبِ منزل چلتے ہی رہے اور آج جب کہ اس انقلابی قدم کو اُٹھے تقریباً ۲۹ برس گزر چکے ہیں، حضرت ضیاء الامت مدظلہ العالی کے لختِ جگر دیارِ حبیب صلی اللہ علیہ وسلم سے تعلیم مکمل کر کے واپس وطن تشریف لا چکے ہیں، اور اپنے والدِ محترم کے زیرِ سایہ دارالعلوم کے انتظامی و تعلیمی معاملات کی نگرانی کی صورت میں مصروفِ خدمت ہیں۔

پروگرام طے کیا گیا کہ دارالعلوم کے فارغ التحصیل علماء کا ایک جائزہ کنونشن منعقد کیا جائے تاکہ ماضی کے تجربات کی روشنی میں مستقبل کی فکری و عملی راہیں روشن سے روشن تر کی جا سکیں۔ ۲۱، ۲۲، ۲۳، اکتوبر ۱۹۸۶ء بروزِ منگل، بدھ، جمعرات تاریخ مقرر ہوئی۔ مقررہ وقت کی مناسبت سے مندوبین کی آمد کا سلسلہ شروع ہوا۔

کراچی سے پشاور تک دور دراز علاقوں میں تبلیغی سرگرمیاں انجام دینے والے یہ شاہین صفت نوجوان سفر کی تلخیوں کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے جوق در جوق اکٹھے ہونے لگے۔ نمازِ عشاء تک مدعوین کی غالب اکثریت پہنچ چکی تھی۔ جو احباب شدید نوعیت کی مجبوریوں کے باعث نہ پہنچ سکے انہوں نے بذریعۂ مکاتیب اپنی اطلاعات بھیج دیں۔

پہلی مجلس

۲۱/اکتوبر بعد از نمازِ عشاء

قاری بشیر احمد صاحب مدنی قرآن کریم کی یہ آیات تلاوت فرما رہے تھے۔

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ . (الایۃ)

جب وہ اپنی رسیلی آواز کے ساتھ آیت مبارکہ کے اس مقام پر پہنچے۔

كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْـَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ .

(الآیہ)

تو لائبریری ہال کا منظر دیدنی تھا۔ سنتِ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے مزین چہروں کے ساتھ علماء کا جمِ غفیر ایمان و ایقان کی دولت سے مالا مال انقلابی عزم لیے اپنے عظیم قائد کی ہر ہر ادا پر قربان ہونے کے جذبات سے معمور۔ پیار کی جوت جگائے مسندِ صدارت پر متمکن حضرت ضیاء الامت مدظلہ العالی کے چمکتے رخساروں پر ڈھلکتے موتیوں کو دیکھنے میں مصروف تھا۔ پھر کیا ہوا! پروانے شمع پر نثار ہوا چاہتے تھے اور باغباں اپنے سدا بہار نہال دیکھ کر سراپا عجز اپنے ربِّ قدوس کی بارگاہ میں محوِ تشکر تھا۔

موتی سمجھ کے شانِ کریمی نے چن لیے
قطرے جو تھے میرے عرقِ انفعال کے

اِس نورانی ماحول نے نیا رنگ اختیار کیا۔ جب مولانا اشتیاق احمد عباسی سرورِ دوجہاں

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حافظ مظہر الدین صاحب کا یہ ارمغانِ عقیدت عرض کر رہے تھے۔

دو جہاں فدا تیرے نام پر ہے سکون فزا تیرا نام بھی!
تیری ذات پر ہوں درود بھی تیری ذات پر ہوں سلام بھی
مجھے اپنی تابشیں کر عطا تو ہے میرا ماہ تمام بھی
ہے لٹی لٹی میری صبح بھی ہے بجھی بجھی میری شام بھی

تلاوتِ کلامِ مقدس اور نعتِ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد راقم الحروف نے کنونشن کی دعوت سے متعلق ہر دو سرکلر پڑھ کر سنائے۔ جو فارغ التحصیل علماء کی طرف اطلاع کے طور پر ارسال کیے گئے تھے۔

کنونشن کے اغراض و مقاصد کی وضاحت کے لیے صاحبزادہ امین الحسنات شاہ صاحب کو کلیدی تقریر کے لیے دعوت دی گئی۔ آپ نے ملک کے دور دراز علاقوں سے تشریف لانے والے علماء کی خدمت میں استقبالیہ کلمات پیش کرنے کے بعد فرمایا۔

۱۔ ہم حضور ضیاء الامت مدظلہ العالی کی زندگی کا نچوڑ ہیں۔ ہمیں ہر وقت اپنا محاسبہ کرنا چاہیئے۔ کیا ہم ان نالہ ہائے نیم شبی اور گریہ ہائے سحری کی قدر کر رہے ہیں۔ جو حضرت ضیاء الامت کی پوری زندگی میں ہمارے لیے وقف رہے۔

۲۔ ہم نے بحیثیتِ مبلغ اسلام اپنے آپ کو دینِ متین کی خدمت کے لیے وقف کیا ہے۔ مبلغ کی زندگی میں کئی اہم اور مشکل موڑ آتے ہیں۔ ہمیں ان آلائشوں سے دامن بچا کر چلنا چاہیئے۔ جو انسان کو اصلی مقصد سے منحرف کر دیتی ہیں۔

۳۔ جس طرح دورِ طالب علمی میں ہمارے لیے ایک مخصوص سلیبس مقرر تھا۔ ہمیں اس کنونشن میں اپنے فارغ التحصیل ساتھیوں کے لیے ایک سلیبس بھی مقرر کرنا چاہیئے۔ تاکہ مطالعہ کا ذوق و شوق برقرار رہے۔

Marfat.com

۴۔ دار العلوم نے تعلیم و تربیت کا جو انمول خزانہ ہمیں عطا کیا ہے اس کے اثرات کو عام کرنے کے لیے شعبۂ دعوت وارشاد کو فعال اور اُس کی سرگرمیوں کی تشہیر کا اہتمام کرنا چاہیئے۔

۵۔ ملکی و بین الاقوامی سطح پر ہمیں اپنے مراکز باقاعدہ منظم کرنے چاہئیں۔ جن کے سربراہ دار العلوم کے فارغ التحصیل علماء ہوں اور ان مراکز کے ذریعے ہی وہ اپنے تبلیغی و اصلاحی مشن کو عملی جامہ پہنائیں۔

۶۔ باہمی رابطہ کے لیے مرکز کی طرف سے فارغ التحصیل علماء کے کوائف پر مشتمل ایک ڈائریکٹری تیار کی جارہی ہے۔ اس سے استفادہ کرکے ہم ایک دوسرے کی خدمات حاصل کرسکتے ہیں۔

۷۔ انجمن طلبہ اسلام حکومتی تعلیمی اداروں میں اہل سنت کے حقوق کا تحفظ کررہی ہے اور امت کے نونہالوں کے دلوں میں عشقِ مصطفوی علیہ التحیۃ والثناء کی شمع فروزاں کررہی ہے۔ اس کی حوصلہ افزائی، انجمن کے کارکنوں کے ساتھ تعاون ہمارا بنیادی فریضہ ہے، ہمیں اس طرف بھی خصوصی توجہ کرنی چاہیئے۔

۸۔ ادارہ ضیاء القرآن کی مطبوعات کی تشہیر عوامی حلقوں میں انکو پہنچانے کا بندوبست اور ماہنامہ ضیائے حرم کی سرکولیشن کے لیے کوشش ہمارا مذہبی و دینی فریضہ ہے

حضرت صاحب زادہ صاحب کی تقریر کے اختتام پر کنونشن کی کاروائی کو منظم انداز میں چلانے کے لیے موضوعات کی تقسیم کی گئی۔ اور متعلقہ امور پر غور وخوض اور سفارشات مرتب کرنے کے لیے کمیٹیاں تشکیل دی گئیں۔ جن کی تفصیل یہ ہے۔

۱۔ نصاب کمیٹی

اس کمیٹی کے سپرد بنیادی طور پر یہ امور تھے۔

۱۔ دار العلوم محمدیہ غوثیہ کی مدتِ نصاب میں کمی بیشی۔

Marfat.com

۲۔ طریقہ تدریس کا جائزہ۔

۳۔ سلیبس میں پڑھائی جانے والی کتب میں ردّوبدل۔

۴۔ بعض نئے فنون کی شمولیت اور پرانے فنون میں اضافہ یا کمی

علاوہ ازیں باقی متعلقہ امور

اس کمیٹی کے لیے مندرجہ ذیل حضرات کے نام شامل کیئے گئے۔

سربراہ :۔

مولانا حافظ محمد خان ابدالوی مدرس مرکزی دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ۔

ارکان۔

سید عظمت علی شاہ صاحب ہمدانی، مہتمم قمر الاسلام کراچی۔

صاحبزادہ بشیر الدین صاحب منظمی مہتمم دارالعلوم قمر العلوم جی۔ٹی روڈ گجرات

سید نذیر حسین شاہ صاحب مہتمم دارالعلوم محمدیہ غوثیہ سیالکوٹ

میاں غلام رسول کوکب صاحب سینئر مدرس جامعہ محمدی شریف جھنگ

مدیر مسئول ماہنامہ الجامعہ

مولانا رب نواز صاحب اجمیری صدر مدرس دارالعلوم سلطانیہ رضویہ گکھڑ منڈی

مولانا غازی محمد کریم صاحب مہتمم جامعہ ضیاء الاسلام پیپلز کالونی فیصل آباد

مولانا نثار احمد صاحب سینئر مدرس انوار العلوم رضویہ واہ کینٹ۔

علامہ مفتی خالد محمود صاحب مدرس شمس العلوم کراچی

مولانا محمد اعظم صاحب ایل ایل بی انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد

مولانا محمد ریاض صاحب صدر مدرس دارالعلوم محمدیہ غوثیہ چک شہزاد اسلام آباد

مولانا افتخار الحسن صاحب ایل ایل بی انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد

Marfat.com

تبلیغی واصلاحی کمیٹی

اس کمیٹی کے ذمے یہ امور تھے۔

۱۔ عصر حاضر کے تقاضوں کے پیشِ نظر دعوت وارشاد کا طریقۂ کار

۲۔ ملکی سطح پر سرگرمیاں۔

۳۔ بین الاقوامی سطح پر سرگرمیاں۔

۴۔ ہفتہ وار، ماہانہ یا سالانہ اجتماعات

اور علاوہ ازیں متعلقہ امور

اس کمیٹی میں مندرجہ ذیل علماء کے نام شامل ہیں۔

۱۔ سربراہ۔

پیرزادہ محمد امداد حسین صاحب مہتمم جامع الکرم ملٹن کینز انگلینڈ۔

مولانا محمد عبد اللہ نیازی صاحب خطیب گونبد پورہ بھلوال۔

مدرس دار العلوم قمر الاسلام سرگودہا روڈ بھلوال۔

مولانا غلام علی صاحب قمر خطیب مرکزی جامعہ مسجد بھلوال۔

مولانا امیر عبد اللہ خان صاحب موضع فاضل ضلع بھکر۔

مولانا عبد الرحمٰن صاحب ہزاروی، ایبٹ آباد ضلع ہزارہ

مولانا حافظ خان محمد صاحب چشتی قادری خطیب مرکزی جامعہ مسجد ملکوال۔

مولانا محمد زبیر تبسم صاحب خطیب مرکزی جامعہ مسجد غوثیہ کوٹلی آزاد کشمیر

مولانا محمد انور قریشی صاحب مدرس دار العلوم محمدیہ رضویہ پنڈ دادن خان

خطیب مرکزی جامع مسجد امیر حمزہ رضی اللہ عنہ پنڈ دادن خان جہلم۔

مولانا امیر عبد اللہ خان نیازی دتہ خیل میانوالی۔

Marfat.com

(دارالعلوم محمدیہ غوثیہ کی ذیلی شاخوں کے امور سے متعلق کمیٹی)

سربراہ :-

مولانا حافظ محمد خان صاحب چشتی مدرس دارالعلوم محمدیہ غوثیہ سیالکوٹ ۔

مفتی عبدالعزیز صاحب صدر مدرس دارالعلوم چشتیہ غوثیہ منڈی بہاوالدین ۔

سید زاہد صدیق شاہ صاحب مہتمم دارالعلوم ضیاء القرآن سعید آباد گجرات ۔

مولانا محمد مختار احمد ضیاء صاحب پرنسپل دارالعلوم محمدیہ غوثیہ چک شہزاد اسلام آباد ۔

مولانا محمد نثار احمد صاحب مدرس انوار العلوم رضویہ واہ کینٹ ۔

تصنیف و تالیف کمیٹی

اس کمیٹی کے ذمے یہ امور تھے

۱۔ کس طرح تالیف و تصنیف کے میدان میں رُجحان پیدا کیا جا سکتا ہے ۔

۲۔ اس کا طریقہ کار کیا ہونا چاہیئے ۔

۳۔ تصنیف و تالیف کے عصری تقاضے کیا ہیں ۔

اس کمیٹی کے لیے ان حضرات کے اسمائے گرامی تجویز ہوئے ۔

سربراہ :-

حضرت مولانا محمد معراج الاسلام صاحب ۔

شیخ الحدیث مرکزی دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف ضلع سرگودہا ۔

مولانا کیپٹن غلام رسول صاحب چشتی پاک آرمی سیالکوٹ

مولانا پروفیسر محمد یوسف فاروقی لیکچرار اسلامیہ یونیورسٹی کھڑی شریف ۔

مولانا کیپٹن سید مظفر علی شاہ صاحب ، پاک آرمی کوہاٹ

مولانا محمد گلشیر صاحب ساقی ، خطیب لاہور

Marfat.com

مولانا ملک اللہ دتہ صاحب۔ خطیب مرکزی جامعہ مسجد ۴ ۵ F حویلیاں۔

مولانا ظفر اقبال صاحب، اسلام آباد۔

مولانا پروفیسر محمد مسعود نظامی کمرشل کالج شاہدرہ لاہور۔

مولانا علامہ خالد محمود خالد شمس العلوم کراچی۔

مولانا صاحبزادہ فاروق الاسلام شاہ صاحب آستانہ عالیہ چورہ شریف۔

کمیٹیوں کے لیے تقسیم کار کے مراحل سے گزرتے ہوئے خاصہ وقت لگ گیا۔ احباب دور دراز کی مسافت طے کر کے تشریف لائے تھے مناسب یہی سمجھا گیا کہ اجلاس کی کاروائی کو طول نہ دیا جائے۔ چنانچہ دُعائے خیر کے ساتھ محفل اختتام پذیر ہوئی۔

Marfat.com

دوسری نشست

مورخہ ۲۲/ اکتوبر بروز بدھ صبح آٹھ بجے دوسری نشست کا آغاز تلاوت کلامِ مقدس سے قاری بشیر احمد صاحب مدنی نے کیا۔ حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ہدیۂ عقیدت پیش کرنے کا شرف حافظ عبد اللطیف صاحب قادری کے حصہ میں آیا۔ کاروائی کے آغاز کے طور پر مجوزہ کمیٹیوں کے سربراہان کو اپنی تجاویز و سفارشات پیش کرنے کی دعوت دی گئی۔

یہ اجلاس جو مستقبل کی راہیں روشن تر کرنے کے لیے جوان ذہنوں کی سفارشات و تجاویز کے روپ میں فکری و تخلیقی کاوشوں پر مشتمل تھا۔ تقریباً تین گھنٹے جاری رہا نصاب کمیٹی کے علاوہ باقی تمام کمیٹیوں نے اپنی سفارشات پیش کیں، نصاب کمیٹی کا موضوع چونکہ نہایت اہم اور غور طلب تھا اس لیے انہوں نے ایک ماہ کی مہلت طلب کی۔ البتہ انفرادی طور پر بعض احباب نے تعلیمی نصاب سے متعلق بھی اپنی آراء پیش کیں کمیٹیوں کی مجموعی سفارشات کے بعد مختلف موضوعات پر عام بحث میں مختلف علماء نے حصہ لیا۔ تفصیلی اقتباسات جُند اللہ کی باضابطہ کاروائی میں درج کیے گئے ہیں۔ "ضیائے حرم" کے صفحات کے اختصار کے پیشِ نظر یہاں صرف ان علماء کے ناموں کی فہرست پر ہی اکتفا کیا جاتا ہے۔ جنہوں نے بحث میں حصہ لیا۔

مولانا صاحبزادہ امداد حسین صاحب، پرنسپل جامعہ الکرم ملٹن کینز انگلینڈ

میاں غلام رسول کوکب صاحب ــــ مولانا مسعود احمد صاحب تائب

جناب اشتیاق احمد صاحب عباسی ــــ مولانا محمد انور صاحب قریشی

علامہ خالد محمود صاحب خالد ــــ مولانا امیر عبد اللہ خان صاحب نیازی

Marfat.com

جناب افتخار الحسن صاحب سیالکوٹی ، مولانا مختار احمد ضیاء صاحب

کیپٹن غلام رسول چشتی صاحب ، پروفیسر محمد یوسف صاحب فاروقی

مولانا خان محمد صاحب قادری ، مولانا محمد خان صاحب چشتی

مولانا ریاض احمد صاحب ، صاحبزادہ فاروق الاسلام صاحب

استاذ العلماء قاضی محمد ایوب صاحب ، مولانا محمد زبیر تبسم

مولانا حافظ محمد ریاض صاحب ، مولانا غلام علی صاحب قمر

آخر میں امیر محفل حضور ضیاء الامت مدظلہ العالی نے دوران بحث اٹھائے گئے چند نقاط کی وضاحت فرمائی اور زندگی کے چند اہم گوشوں سے متعلق تربیتی خطاب سے اہل محفل کے اذہان وقلوب کو بہرہ یاب فرمایا۔

Marfat.com

تیسری نشست

۲۲/اکتوبر بروز بدھ بعد نمازِ ظہر کنونشن کی تیسری نشست انعقاد پذیر ہوئی۔ یہ نشست اہمیت کے لحاظ سے جملہ کنونشن کی جان تھی۔ اس اجلاس میں فارغ التحصیل علماء کے علاوہ بطورِ خاص مرکزی دارالعلوم محمدیہ غوثیہ اور جملہ شاخوں کے طلبہ کو بھی دعوت دی گئی تھی۔ دارالمطالعہ کے سامنے حضور ضیاء الامت مدظلہ العالی سٹیج پر رونق افروز ضیاء پذیر تھے اور سامنے تشنگان بادۂ محبت آپ کی بلائیں لینے میں مصروف۔ منظر دیدنی تھا۔ روحانی کیفیات کو زبان و بیان میں مقید کرنا بس سے باہر ہے۔

تلاوتِ کلام مقدس اور نعتِ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حضور ضیاء الامت یوں گویا ہوئے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی
سیدنا وشفیعنا وحبیبنا ومولانا محمد المبعوث
رحمۃ للعالمین وعلی آلہ واصحابہ اجمعین -
اما بعد : فاعوذ بالله فقد قال اللہ تعالیٰ -
ھو الذی ارسل رسولہ بالھدیٰ ودین الحق لیظھرہ
علی الدین کلہ وکفیٰ باللہ شھیدا (الفتح : ۲۸)
ھو الذی ارسل رسولہ بالھدیٰ ودین الحق لیظھرہ علی
الدین کلہ ولو کرہ المشرکون {التوبہ : ۳۳ / الصف : ۹}
صدق اللہ العلی العظیم وصدق رسولہ النبی الکریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم
میری آرزوؤں کے چمن کے فرخندہ بخت نونہالو!
میری بے تاب تمناؤں کے فلک کے ضیا بار ستارو!
میری چشم امید کی تابندہ روشنیو!
قافلۂ ذوق وشوق کے حدی خوانو!
رزمگاہِ حق وباطل میں کلمۃ اللہ ھی العلیا اور ورفعنا لک ذکرک
کا پرچم بلند رکھنے کا عزم محکم کرنے والے نوجوانو!
اپنی زندگیوں کا ہر لمحہ، اپنی توانائیوں کا ہر قطرہ، اپنے وسائل کی ساری پونجی، اپنی
جوانیوں کی جملہ رعنائیوں کو نثار کرنے کے جذبہ سے سرشار شہسوارو!
اپنے دل کی گہرائیوں سے آپ سے محبت اور پیار کرنے والا،!

Marfat.com

آپ کی فلاح و کامرانی کے لیے بارگاہ الٰہی میں دست بدعا رہنے والا اور دامن طلب پھیلا پھیلا کر التجائیں کرنے والا۔

آپ کا یہ ناچیز خادم آپ کو خوش آمدید کہتا ہے اور آپ کی تشریف آوری پر اپنی قلبی مسرت کا اظہار کرتا ہے۔

مجھے اس امر کا شدت سے احساس ہے کہ آپ اہم اور سنگین مصروفیات سے دامن چھڑا کر طویل سفر کی صعوبتیں برداشت کر کے میری دعوت بلکہ میرے اصرار پر تشریف لے آئے ہیں۔ میرے بارے میں آپ کو بخوبی علم ہے کہ میں بلاوجہ اور بلا مقصد آپ کو زحمت نہیں دیا کرتا اور بیٹھنے کے ایسے مواقع بار بار میسر نہیں آیا کرتے اس لیے میں دل کھول کر اس کونشن کے انعقاد کے اغراض و مقاصد آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں تاکہ ہم غور و خوض اور باہمی مشورہ سے کسی نتیجہ پر پہنچیں اور پھر متحد و منظم ہو کر ان مقاصد جلیلہ کی تکمیل کے لیے متوکلا علی اللہ الحیّ القیوم۔ مصروف عمل ہو جائیں۔

یا تن رسد بجاناں

یا جاں ز تن بر آید

آپ نے اس گہوارہ علمی میں تقریباً آٹھ دس سال کا عرصہ گزارا ہے آپ کے اساتذہ نے مقدور بھر کوشش کی ہے کہ وہ آپ کو قدیم و جدید علوم کی دولت سے مالا مال کریں اور اس کے ساتھ آپ کے سفر زیست کی منزل بھی متعین کر دی تاکہ آپ پوری یکسوئی کے ساتھ عمر بھر اس منزل تک رسائی حاصل کرنے کے لیے کوشاں رہیں۔

وہ منزل صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی رضا اور اس کے رسول مکرم حبیب معظم صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشنودی کا حصول ہے اس منزل تک رسائی کی سعادت فقط

Marfat.com

ان خوش نصیب لوگوں کو ہوتی ہے جو عمر بھر خلوص نیت سے اس کے دین کی سربلندی کے لیے اپنی جملہ صلاحیتیں اور وسائل وقف کر دیتے ہیں۔ اس مقصد کا اجمالی تذکرہ کافی نہیں ہمیں بڑی تفصیل سے اس کی گہرائیوں میں اتر کر اس کا جائزہ لینا ہے تاکہ کوئی۔ ابہام اور کوئی غموض سد راہ نہ بن سکے۔

پاکستان ہمارا وطن عزیز ہے مذہبی لحاظ سے ہمارا تعلق مسلک حق اہل السنۃ والجماعۃ سے ہے، دونوں اعتبار سے جو ذمہ داریاں ہم پر عائد ہوتی ہیں ان سے عہدہ برآ ہونے کے لیے ہم نے لائحہ عمل تجویز کرتا ہے۔

یہ ایک ناقابل انکار حقیقت ہے کہ تحریک پاکستان کی کامیابی کا سہرا مشائخ وعلماء اور عوام اہل سنت کے سر ہے، یہ حقیقت بھی ہر شک وشبہ سے بالاتر ہے کہ پاکستان پر جب کبھی کوئی جانگسل مرحلہ آیا اہل سنت نے بے دریغ مالی اور جانی قربانیاں پیش کیں، یہ بھی ایک ایسی صداقت ہے جسے جھٹلایا نہیں جاسکتا کہ اب بھی سُنّی ماؤں کے لخت جگر، ہی پاکستان کی جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کے لیے مورچے سنبھالے ہوئے ہیں، مشرق میں بھارت اور مغرب میں روس کی جدید ترین اسلحہ سے لیس افواج کے سامنے سینہ سپر ہیں۔ اپنے دین، اپنی قوم اور اپنے وطن کی ناموس اور آزادی کے تحفظ کے لیے ہر دم جذبۂ شہادت سے سرشار رہتے ہیں اور جملہ طاغوتی قوتوں کے سامنے فولادی چٹانیں بن کر کھڑے ہیں۔

ان تمام روشن حقائق اور ناقابل تردید صداقتوں کے باوجود اہل سنت کو ان کے قانونی، جمہوری اور اسلامی حقوق سے محروم رکھنے کی پیہم سازشیں کی جارہی ہیں ان کی تمام خانقاہیں اور ان سے وابستہ شہری اور زرعی املاک کو محکمہ اوقاف نے اپنے قبضہ میں لے رکھا ہے نذرانوں کے صندوقوں کی آمدنی بھی اس محکمہ کے فنڈ میں جمع کر دی جاتی ہے نوے فیصد سے زائد اوقاف صرف اہل سنت کے ہیں، ستم

Marfat.com

ظر یقی ملاحظہ ہو کہ اس محکمہ میں ایسے افسران کو متعین نہیں کیا جاتا جو عقیدہ میں اہل سنت کے ہمنوا ہیں بلکہ ایسے افسران اعلیٰ کی اس محکمہ میں کثرت ہے جن کا تعلق ان فرقوں سے ہے جو اس آمدنی کو قطعی حرام سمجھتے ہیں۔ نہ انہیں اہل سنت کے عقائد سے ہمدردی ہے، نہ صاحب خانقاہ کا ان کے دلوں میں رتی بھر احترام ہے۔ بلکہ وہ ڈنکے کی چوٹ ان روحانی مراکز کو شرک وبدعت کے اڈے قرار دیتے ہیں اور ان کی دلی خواہش اور کوشش یہ ہوتی ہے کہ یہ مراکز ویران ہوں اور یہاں لوگوں کی آمدورفت کا سلسلہ منقطع ہو جائے۔ حضرت شیخ الاسلام فرید الحق والدین قدس سرہٗ کے عرس شریف کے موقع پر اس محکمہ کے افسران کی طرف سے جس بدنظمی کا مظاہرہ کیا جاتا ہے اور زائرین پر جس سنگدلی سے ڈنڈے برسائے جاتے ہیں ان المناک مناظر کو دیکھ کر کون سا ایسا سنگدل ہے جس کا دل ٹکڑے ٹکڑے نہیں ہوتا۔ اس کے باوجود نہ ان مظلوموں کی کوئی فریاد سننے والا ہے اور نہ ان بد عقیدہ اور نااہل افسروں کا کوئی محاسبہ کرنے والا ہے۔

محکمہ اوقاف کو ان اولیاء اللہ کے آستانوں سے جو کروڑوں روپے کی آمدنی ہوتی ہے اس میں سے ایسے مدارس اور اداروں کی مالی امداد کی جاتی ہے جو اہل سنت کے عقائد کا استیصال کرنے کے درپے ہوتے ہیں یہ بندر بانٹ عرصہ دراز سے جاری ہے کوئی دردمند دل اس بے انصافی پر اگر صدائے احتجاج بلند کرتا ہے تو اس کو فرقہ وارانہ منافرت پھیلانے کا مجرم قرار دیدیا جاتا ہے گویا ان اہل کاروں کے نزدیک ظالم ہر قسم کی مراعات کا مستحق ہے لیکن ظلم پر فریاد کرنے والا مظلوم باغی ہے تنگ نظر ہے اور ملک میں فرقہ وارانہ زہر پھیلانے کا مجرم ہے۔

اہل سنت کی مساجد پر قبضہ کرنا۔ ان فرقوں کا ایک محبوب مشغلہ ہے جب بھی انہیں موقع ملتا ہے بڑی بے مہری سے وہ اہل سنت کی مساجد پر قابض ہو جاتے ہیں۔ محلے والوں کی اکثریت ہزار چیخے، چلائے۔ کوئی اُن کی فریاد سننے والا نہیں

Marfat.com

ہوتا، بلکہ ان آئمہ حضرات کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ حدیث مبارک بھی یاد نہیں رہتی کہ جس امام کے پیچھے نماز پڑھنے والے مقتدی اس سے ناخوش ہوں۔ اس امام کی نماز قبول نہیں ہوتی۔

اس سلسلہ میں یہ جان کر آپ کو حیرت بھی ہوگی اور دکھ بھی۔ کہ اسلام آباد جو پاکستان کا دارالسلطنت ہے اور جہاں کی آبادی کی غالب اکثریت اہل سنت ہے ان کے پاس سی ٹائپ جامع مسجد ایک بھی نہیں اور وہ فرقے جن کی تعداد ۵ فیصد سے بھی کم ہے ان کے پاس دو تین "سی" ٹائپ جامع مسجدیں ہیں۔ اگر اہل سنت کی طرف سے حکومت سے مطالبہ کیا جاتا ہے کہ انہیں ان کی تعداد کے مطابق سی ٹائپ مسجدیں تعمیر کر کے دی جائیں تو یہ سارے فرقے متحد ہو کر اس جائزہ مطالبہ کی مخالفت پر کمر بستہ ہو جاتے ہیں۔

افواج پاکستان میں خطباء کا چناؤ ہو یا کالجوں یونیورسٹیوں میں لیکچرر کا انتخاب ہو۔ ایک سوچی سمجھی سکیم کے مطابق قابل اور ہونہار سُنّی نوجوانوں کو مسترد کر دیا جاتا ہے اور اپنے نااہل آدمیوں کو منتخب کر لیا جاتا ہے۔

آپ اپنی قومی زندگی کے جس پہلو کا بھی بغور مطالعہ کریں گے آپ کو اہل سنت کے حقوق کی پامالی اور ان سے کھلی بے انصافی کی بے شمار روح فرسا مثالیں ملیں گی۔

غور طلب امر یہ ہے کہ ایسی صورت حال کیوں پیدا ہوئی پاکستان کے حصول اور استحکام میں ہماری خدمات مسلّم، افواج پاکستان کے جانبازوں میں ہماری کثرت ،اس کے باوجود ہمیں دوسرے درجہ کا شہری کیوں سمجھا جاتا ہے۔ ہمارے حقوق کیوں بے دردی سے پامال کیئے جاتے ہیں ہمارے مالی وسائل پر اغیار نے کیوں قبضہ جما رکھا ہے۔

Marfat.com

دوسروں پر الزام یا بہتان لگانے میں وقت ضائع کرنے کے بجائے ہمیں ان خرابیوں اور خامیوں کا سراغ لگانا چاہیئے جنہوں نے دیمک کی طرح ہمیں اندر سے کھوکھلا کر دیا ہے۔ جس کے باعث ہماری عددی کثرت بے اثر ہو کر رہ گئی ہے ہمارے وسائل ہمارے خلاف اور ہمارے عقائد و نظریات کی بیخ کنی کے لیے استعمال ہوتے لگے ہیں۔

ہم میں پائی جانے والی خرابیاں تو بہت ہیں لیکن یہاں میں چند بنیادی کمزوریوں کی نشاندہی کروں گا جن پر قابو پانے کا اگر ہم عزم بالجزم کریں، تو باقی خرابیاں از خود کافور ہو جائیں گی۔

۱۔ ہماری صفوں میں انتشار ہے:

ہم میں سے ہر وہ شخص جسے معاشرہ میں کسی نوع کی عزت اور مقبولیت حاصل ہے وہ ایک دوسرے کا حلیف بننے کے بجائے حریف بنا ہوا ہے الا ماشاء اللہ۔ اخوت و مؤدت تو بڑی دور کی بات ہے باہمی اعتماد مفقود ہے اس کی جگہ بدگمانی اور سوءظن نے لے لی ہے ہم ایک دوسرے کو شک کی نظروں سے دیکھتے ہیں کسی کو اپنا قائد تسلیم کر کے اس کے پیچھے چلنے کے لیے تیار نہیں۔ بلکہ اس میں اپنی توہین سمجھتے ہیں بے شک اس گئے گزرے دور میں بھی مشائخ کی قوت اور علماء کے اثر و رسوخ کو چیلنج نہیں کیا جا سکتا کسی ملحدانہ ازم کی، کسی غیر اسلامی نظریہ حیات کی مجال نہیں کہ وہ ہمیں للکار سکے لیکن یہ اس وقت جب ہم میں باہمی اتحاد و اعتماد ہو، ہم دیوار کی اینٹوں کی طرح ایک دوسرے کے لیے سہارا بنتے ہوئے ہوں لیکن اگر ہم دوسروں کی پگڑی اچھال کر اپنے طروں کو بلند و بالا کرنے کی سوچ رہے ہوں تو پھر ہماری یہ انفرادی جاہ و حشمت دوسروں کے کام تو آسکتی

Marfat.com

ہے وہ اسے زینہ بنا کر بام بلند تک پہنچ سکتے ہیں لیکن مسلک اہل سنت کے مقدر کو سوارنے کے کام نہیں آسکتی۔ اس طرح ہم اپنے چھینے ہوئے حقوق کو واپس نہیں لے سکتے ہمیں اس گھمنڈ میں ہرگز مبتلا نہیں ہونا چاہیے کہ ہم ملت کا سواد اعظم ہیں ہماری آبادی ستر فیصد سے بھی زائد ہے کوئی اقلیت ہمیں گزند نہیں پہنچا سکتی۔

عزیزان گرامی! رزمگاہ حیات میں کثرت فیصلہ کن ثابت نہیں ہوتی ہر میدان میں قوت اور طاقت فیصلہ کن ہوا کرتی ہے اور قوت و طاقت کا سر چشمہ اتحاد و اتفاق ہے جہاں انتشار کی وبا پھیلی ہوئی ہو۔ وہاں تعداد کی کثرت ایسا بوجھ ثابت ہوتی ہے جسے سنبھالنا آزار جاں بن جایا کرتا ہے۔ آیئے اپنی کثرت کو متحد اور منظم کیجیے۔ وہ ناقابل شکست بن جائیگی نفرت کو بھلا کر الفت کرنا سیکھیے، بدگمانی کے بجائے حسن ظن کو اپنا شعار بنایئے۔ پھر دیکھئے پردہ غیب سے کیا ظاہر ہوتا ہے۔

۱۔ علم اور علماء کی افسوسناک کمی

انگریز کے دور غلامی سے پہلے چھوٹے بڑے مدارس، دار العلوم اور جامعات سُنی علما کی مساعی جملہ کے باعث آباد تھے۔ ہند و بیرون ہند سے آنے والے طلبہ انہی کی بارگاہ میں زانوئے تلمذ تہ کرنے اور علم و حکمت کے موتیوں سے جھولیاں بھر بھر کر اپنے وطنوں کو واپس جاتے۔

مسلم سلاطین و امراء کی عیش کے باعث جب اسلامی حکومت کا چراغ ٹمٹمانے لگا تو وہ علماء اہل سنت ہی تھے جو ان مایوس کن حالات میں اسلامی مملکت کو بچانے کے لیے کفن بدوش اور سر بکف میدان جہاد میں نکلے اور اپنی جان بازیوں سے انگریزی افواج کے ہر میدان میں چھکے چھڑا دیئے لیکن۔ اپنوں کی غداریاں آڑے آئیں اور یہ کوشش ناکام ہو گئی اب انگریز کی آتش انتقام بھڑک اٹھی۔ علماء اہل سنت

Marfat.com

جو اس آخری جہاد کے سرخیل اور روح رواں تھے ان کے ظلم و ستم کا خصوصی ہدف بنے سینکڑوں نابغہ روزگار علماء کو تختہ دار پر لٹکا دیا گیا ہزار ہا فضلاء کو اسیر زنداں بنا دیا گیا۔ بطل حریت امام المنقول والمعقول حضرت مولانا فضل حق خیر آبادی اور آپ کے عقیدت مندوں کی ایک کثیر تعداد کو جلا وطن کر دیا گیا اور عبور دریائے شور کی سزا دی گئی غریب الوطنی کی حالت میں حضرت مولانا اور شمع اسلام کے بے شمار پروانوں نے جام شہادت نوش کیا۔ اس طرح اہل سنت کے علمی مراکز جو یونیورسٹیوں سے کم نہ تھے اور صدیوں سے علم و حکمت کی روشنی پھیلا رہے تھے اجاڑ دیئے گئے آراستہ و پیراستہ کتب خانے نذر آتش کر دیئے گئے۔ وہ ادارے جہاں تحقیقی اور فکری کاوشیں ہوتی تھیں مقفل کر دیئے گئے یوں علم و حکمت کے مشعل برداروں کا کارواں تتر بتر ہو گیا۔

اس تاریخی المیہ سے اہل سنت میں علمی انحطاط کا آغاز ہوا جس کے نتائج دور رس بھی تھے اور اندوہناک بھی۔ مدارس کی تعداد کم ہوتی چلی گئی۔ قابل اساتذہ کی یکلخت قلت کی وجہ سے تعلیم کا وہ سابقہ بلند معیار بھی برقرار نہ رہ سکا جب اعلیٰ پایہ کے علماء کی تیاری کی رفتار سست پڑ گئی تو اعلیٰ معیار کے مقررین اور مصنفین کہاں سے آتے تقاریر کا معیار بہت پست ہو گیا۔ دلائل بودے، طرز بیان غیر موثر۔ تقاریر کے موضوع بہت فرسودہ۔ ان موضوعات پر ہم نے اظہار خیال کی کبھی زحمت ہی گوارا نہ کی جن کے ذریعے ہم اپنی نوجوان نسل کو شب و روز بے چین رکھنے والے شبہات کا ازالہ کر سکیں۔ اسلامی عقائد کی دلکش تعبیر، اسلامی نظام معاشیات اور سیاسیات کے روح پرور بیان سے ہمارے خطیبوں اور مقرروں کی اکثریت محروم ہوتی گئی۔

ہمارا تالیف و تصنیف کا شعبہ اس سے بھی زیادہ کمزور ہے ہمارے علماء و مفکرین نے اس دور میں بہت کم ایسی کتب تصنیف کی ہیں جن کی آج

Marfat.com

شدید ضرورت ہے اور عہد حاضر کے معیار پر پوری اترتی ہوں ان حالات میں زمانہ کے بے رحم چیلنج کا موثر جواب ہم کیونکر دے سکتے ہیں اور جو قوم مشکلات کا مردانہ وار مقابلہ کرنے کے لیے قبل از وقت تیاری نہیں کرتی۔ وقت آنے پر وہ اپنا فرض ادا کرنے سے قاصر رہتی ہے۔

زندگی کے ان شعبوں میں ان واضح کمزوریوں کے باعث اغیار کو دعوت حق دینا اور انہیں حق کا گرویدہ بنانا تو بڑی دور کی بات تھی ہمارے لیے یہ بھی مشکل ہو گیا کہ ہم اپنے جوانوں کو بھی سنبھال سکیں اور اہل سنت کے عوام میں عبادات کا شوق اور اخلاق محمدی کی پیروی کا جذبہ بیدار کر سکیں۔

اہل سنت کی محرومیوں اور ان کے اسباب وعوامل کا آپ نے کچھ تذکرہ سنا۔ کیا ہم عورتوں کی طرح بین اور نوحہ کرکے اور ناداں بچوں کی طرح بلک بلک کر رو کر ان حالات کا منہ پھیر سکتے ہیں۔

عزیزان گرامی! اس طرح مصائب و آلام کی گھنگھور گھٹائیں چھٹ نہیں جائیں، نہ اہل سنت کے چھینے ہوئے حقوق واپس لیے جا سکتے ہیں۔

دار العلوم محمدیہ غوثیہ، محض ایک تعلیمی ادارہ ہی نہیں بلکہ ایک ہمہ گیر تحریک ہے اس کا مقصد اولین اس دین حق کی کامل سربلندی اور غلبہ ہے جو اللہ تعالیٰ کا محبوب رسول اور برگزیدہ بندہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ وسلم اپنے بھیجنے والے کی طرف سے بنی نوع انسان کے لیے رشد و ہدایت لے کر آیا۔ اور یہ فریضہ آپ نے انجام دینا ہے۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ آپ ان خامیوں اور کمزوریوں سے اپنے دامن کو پاک کریں۔ اس مہم کو سر کرنے کے لیے پہلی شرط یہ ہے کہ آپ میں ٹھوس علمی قابلیت ہو۔

کتاب و سنت میں بیان کردہ اسرار و معارف تک آپ کی براہ راست رسائی

Marfat.com

ہو۔ آپ رسمی عالم بننے کے بجائے ماہر عالم بننے کے لیے اپنے شب و روز وقف کردیں
آپ صرف قدیم علوم سے ہی بہرہ ور نہ ہوں بلکہ عصر حاضر کے تقاضوں کو سمجھنے کے لیے اور
ان تقاضوں کے چیلنج کو قبول کرنے کے لیے آپ پر لازم ہے کہ آپ جدید علوم سے
بھی واقفیت بہم پہنچائیں۔ اس طرح ان علل و امراض کی آپ صحیح تشخیص کرسکیں گے
جن میں آج کا انسانی معاشرہ گرفتار ہے اور درد و الم سے کراہ رہا ہے اور کسی مسیحا نفس
کے لیے چشم براہ ہے۔ اور اس تقابلی مطالعہ سے آپ کو اسلام جو دین فطرت ہے۔
اس کے نظریات و افکار کی بلندی اور اسکے قوانین و احکام کی افادیت اور اہمیت پر آگاہی
حاصل ہوگی۔

اسی مقصد کے حصول کے لیے اتنا طویل عرصہ آپ اس دارالعلوم میں تعلیم حاصل
کرتے رہے۔ لیکن اس حقیقت کو میں نے دوران تعلیم بھی کئی مرتبہ آپ کے سامنے بیان
کیا کہ ہم صرف آپ میں ایک ملکہ پیدا کرتے ہیں اور پرواز کے لیے بال و پر مہیا کرتے
ہیں یہاں سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد اگر آپ زندگی کی آسائشوں میں کھو جائیں
پیہم مطالعہ، شب و روز مطالعہ، سفر و حضر میں مطالعہ کے ذریعے علم و حکمت کے اعلیٰ
مراتب پر فائز ہونے کے لیے سرگرم عمل نہ رہیں۔ تو گویا آپ نے ہمارا وقت بھی
ضائع کیا اور اپنی ذات کے ساتھ بھی بے انصافی کی۔ اس ملکہ سے کام لینا ان بال
و پر سے بلند ترین مقامات تک محو پرواز رہنا اب آپ کی ذمہ داری ہے۔ اس
عرصہ میں جو آپ نے ہمارے ساتھ گزارا۔ ہم نے آپ کو زیور علم سے آراستہ
کرنے کے ساتھ ساتھ مقدور بھر کوشش کی کہ آپ کی سیرت خلق محمدی علیٰ صاحبہا
الف الف سلام کے دلنواز قالب میں ڈھل جائے۔ کیونکہ آپ کا علم دوسروں
کے لیے رشد و ہدایت اس وقت بن سکتا ہے، جب آپ کی سیرت کا دامن
ہر قسم کی آلائشوں سے پاک ہو۔ دولت کا لالچ۔ بلند مناصب کی خواہش خود بینی

Marfat.com

اور انانیت، ریا و نمود ایسی آلائشیں ہیں، کہ اگر آپ اپنے آپ کو ان سے پاک نہیں کریں گے تو آپ بحر العلوم کیوں نہ ہوں، فصاحت و بلاغت کے سرچشمے آپ سے کیوں نہ پھوٹ رہے ہوں، کسی گمکردہ راہ کو آپ راہ راست پر نہیں لا سکتے۔ اس بات کو میں پھر اس عظیم کنونشن میں دھرانا اپنا فرض سمجھتا ہوں کہ آپ اپنی سیرت اور کردار کو ہر طرح کے داغوں سے محفوظ رکھیں، تاکہ آپ کا وجود اس شب دیجور میں شمع نور ثابت ہو، آپ کی باتوں کو سننے سے پہلے لوگ آپ کے بلند و پاکیزہ کردار کو دیکھ کر آپ کے والا و شیدا ہو جائیں۔

یہاں سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد آپ میدانِ عمل میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کر رہے ہیں، خواہ آپ کسی منصب پر فائز ہوں، تدریس، تقریر، تحریر کے ذریعے دین کی خدمت آپ کے فرائض منصبی سے ہے، اور اس سے آپ چاہیں بھی تو پہلوتہی نہیں کر سکتے۔ ہمیں امید ہے، کہ آپ اپنے اِن فرائض کی بجا آوری بے دلی سے نہیں کرتے ہوں گے، بلکہ بڑی محنت، جان سوزی اور احساس ذمہ داری سے سرشار ہو کر اپنے فرائض کو سرانجام دینے میں کوشاں ہوں گے۔ دارالعلوم محمدیہ غوثیہ کے فارغ التحصیل عالم ہونے کے باعث قوم نے آپ کی ذات سے خصوصی توقعات وابستہ کی ہوئی ہیں، امید واثق ہے کہ آپ اپنی قوم کو مایوس نہیں کریں گے آپ کی تقاریر کا انداز مصلحانہ اور حقیقت پسندانہ ہونا چاہیئے، کسی کی دل آزادی کیے بغیر اپنے عقائد و نظریات کو ایسے دلکش اور مدلّل انداز میں بیان کیجیے، کہ سامعین ان کو تسلیم کرنے پر مجبور ہو جائیں، آپکو تدریس کے ذریعہ اپنے طلبہ میں بھی اپنے آقا و مولا صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے جذبہ عشق و محبت کو خدمتِ دین کے لیے اجاگر کرتے اور اُن کے دِل میں شوق کی چنگاری سلگانے کی کوشش سے کبھی غافل نہیں ہونا چاہیئے۔

مدرس حضرات، پوری طرح مطالعہ کر کے اور تیاری کر کے طلبہ کو اُن کے اسباق پڑھائیں، تاکہ آپ کے فیض سے اُن کے سینے گنجینۂ علم وحکمت بن جائیں۔ تدریس کے ساتھ ساتھ اُن کے دلوں میں عشقِ مصطفوی صلی اللہ علیہ وسلم کی شمعیں بھی روشن کرتے جائیں کیونکہ جس دِل میں یہ شمع روشن ہوتی ہے، اس کو کوئی آندھی بھی گل نہیں کر سکتی نیز اپنے حُسنِ عمل اور روشن کردار سے اُن کے قلوب واذہان میں نیکی سے الفت اور بدی سے نفرت کی تخم ریزی کرتے رہیں۔ کیونکہ شاگرد جتنا اپنے اُستاد سے متاثر ہوتا ہے، اور کسی سے متاثر نہیں ہوتا۔ پاک نفس اُستاد کا فیضانِ صحبت شاگرد کی شخصیت کو چار چاند لگا دیتا ہے اپنی تصنیفات کے لیے آپ ایسے موضوعات منتخب کریں۔ جن کے بارے میں اسلامی نقطۂ نگاہ جاننے کی نوجوان نسل میں بڑی تڑپ پائی جاتی ہے۔ اس کے لیے وسیع مطالعہ، طویل غور و فکر، اور بڑی محنت سے اپنے افکار کو اس طرح قلم بند کرنے کی ضرورت ہے کہ آپ کے اسلوب تحریر کی مہک دلوں کو معطر کر دے۔ اگر آپ ان بیان کردہ فرائض کو محنت اور دیانت داری سے انجام دیتے رہے تو یقین کریں اللہ تعالیٰ اہل سنت کے بکھرے ہوئے اس قافلہ کو پھر منظم کر دے گا۔ اللہ تعالیٰ کی محبت اور اُس کے محبوب کے عشق کے پرچم کے نیچے جب ہم متحد ہوں گے تو دنیا کی کوئی طاقت نہ آپ کی ترقی کا راستہ روک سکے گی اور نہ آپ کے حقوق پر دست درازی کر سکے گی ہماری عزت، ہماری کامیابی اسلام کے ساتھ وابستہ ہے اگر اسلام کے پرچم کو ہم بلند کرنے اور مصائب و آلام کے طوفانوں کے باوجود اسے بلند رکھنے میں کامیاب ہوں تو اللہ تعالیٰ اپنی رحمت کے خزانوں کے منہ آپ کے لیے کھول دے گا آپ کا نام سن کر باطل لرزہ بر اندام ہو جایا کرے گا۔ آپ کی ساری کمزوریاں اور بیماریاں اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے اور اس کے محبوب کریم صلی اللہ علیہ وسلم

کے فیضان نگاہ سے خود بخود کافور ہوتی چلی جائے گی۔

آخر میں ایک اہم چیز کی طرف آپ کی توجہ مبذول کرانا اپنا فرض سمجھتا ہوں۔ کہ انفرادی کوشش کتنی دقیع اور کتنی افادیت کی حامل کیوں نہ ہو وہ اجتماعی کوشش کا نعم البدل نہیں ہو سکتی آپ جہاں بھی ہوں اور خدمت اسلام کے سلسلہ میں جس قسم کی سرگرمیوں میں منہمک ہوں آپ کا رابطہ اپنے مرکز سے ہر وقت قائم رہنا چاہیئے اسی طرح ہماری انفرادی کوششیں اجتماعی کوششوں کا روپ اختیار کریں گی اور ان کے نتائج ہماری توقعات سے کہیں زیادہ ہوں گے۔

ضیائے حرم جو آپ کے دارالعلوم محمدیہ غوثیہ کا ترجمان ہے اور ادارہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز جو اہل سنت کا قابل قدر اور ترقی پذیر اشاعتی ادارہ ہے ان کے ساتھ تعاون کرنا اور ان کی ترویج و ترقی کے لیے کوشاں رہنا آپ کی اہم ترین ذمہ داری ہے اور مرکز سے آپ کی دلی وابستگی کی روشن دلیل ہے۔

اب تک جو گفتگو ہوئی ہے اس کا مرکز اہل سنت والجماعت کا سواد اعظم تھا۔ اب مجھے ایک اور اہم فریضہ کی طرف بھی آپ کی توجہ مبذول کرانا ہے۔

ہم نے پاکستان حاصل کیا۔ اس کے لیے بے دریغ اور بے حساب قربانیاں دیں اس کا مقصد صرف حکومت یا آزادی حاصل کرنا نہ تھا۔ بلکہ ہم نے ایک عظیم مقصد کی تکمیل کے لیے یہ خطہ زمین حاصل کیا تھا اور جس کیلئے کو ہم نے ہر محفل میں، ہر جلسہ ہر گلی کوچہ میں اعلان کیا کہ پاکستان کا مطلب کیا لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔

یعنی ہم نے یہ ملک اس لیے حاصل کیا کہ وہ دین فطرت جس کے ہم امین بنائے گئے ہیں اور جس کی فطری تعلیمات انسانیت کے جملہ روگوں کے لیے اکسیر ہیں اس پر پہلے اس خطہ زمین میں تجربہ کریں اور جب اسلام کا یہ گلشن بارآور ہو جائے تو اور لوگوں کو بھی اس کو قبول کرنے کی دعوت دیں لیکن ہم پوری طرح اس وعدہ کو ایفاء کرتے ہیں

Marfat.com

کامیاب نہیں ہوئے۔ اس مقصد کی تکمیل کے سلسلہ میں عالم دین ہونے کی حیثیت سے آپ پر بھی کچھ ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں غور فرمائیں اگر کسی جگہ آپ باغ لگانا چاہتے ہیں اور وہ زمین جنگلی بوٹیوں، خاردار جھاڑیوں سے اٹی پڑی ہے۔ اس میں اونچے ٹیلے بھی ہیں اور گہرے گڑھے بھی تو اس کو اسی حالت میں رکھ کر نہ آپ اس میں باغ لگا سکتے ہیں اور اگر باغ لگا بھی لیں تو اس کو سرسبز و شاداب نہیں رکھ سکتے اور نہ اسے بارآور بنا سکتے ہیں پھر زمین کے اس قطعے میں جو شخص باغ لگانے کا قصد کرتا ہے اس پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ باغ لگانے کا اگر اس کا ارادہ پختہ ہے تو پہلے ان جھاڑیوں اور خاروخس سے اس ٹکڑے کو صاف کرے پھر اس کے نشیب و فراز کو ہموار کرے پھر اس میں آبپاشی کرنے کا اہتمام کرے تب اس میں جا کر باغ کا پہلا پودا لگ سکتا ہے اور مسلسل دیکھ بھال کے بعد وہ بارآور ہو سکتا ہے۔

پاکستان کے جس معاشرہ میں ہم آرزو کر رہے ہیں کہ یہاں دین مصطفوی کا چمن بہار آشنا ہو اس معاشرہ میں تو جھوٹ، بد دیانتی، وعدہ شکنی، حق تلفی، رشوت ستانی اور رشوت دہی وغیرہ وغیرہ جیسے کوڑا کرکٹ کے انبار لگے ہوئے ہیں جن کی عفونت سے دماغ پھٹ رہا ہے جب تک آپ عوام کو ان قبیح عادات سے متنفر نہیں کریں گے اور اخلاق حسنہ کی محبت کی تخم ریزی ان کے دلوں میں نہیں کر دیں گے اس وقت تک اس معاشرہ میں نظام مصطفیٰ کے نفاذ کی کوششیں قبل از وقت ہوں گی۔ درحقیقت ان عیوب و نقائص سے معاشرہ کو پاک صاف کرنا بھی نفاذ نظام مصطفیٰ کی مبارک مہم کا ایک اہم حصہ ہے۔ آپ حضرات کی یہ بھی ذمہ داری ہے کہ جہاں تک آپ کی ہمت ساتھ دے۔ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرتے ہوئے آپ اپنی قوم کو ان آلائشوں سے پاک کرنے کی کوشش میں سرگرم رہیں جیسے جیسے آپ کی یہ کوششیں بارآور ہوں گی

Marfat.com

نظام مصطفیٰ علیہ الطیب التحیۃ والثناء کے نفاذ کا راستہ ہموار ہوتا جائے گا اور رکاوٹیں دور ہوتی جائیں گی۔ یہ کام مشکل ہے محنت طلب ہے اور طویل المیعاد ہے لیکن یہ اس قصر رفیع کی خشت اول ہے اس میں آپ کا جتنا زیادہ حصہ ہو گا۔ اللہ تعالیٰ کی رضامندی آپ کو میسر آتی رہے گی اور اس کی توفیق آپ کی دستگیری کرے گی۔

Marfat.com

چوتھی نشست

دنیا میں دو قسم کے انسان نظر آتے ہیں ایک وہ جو ماحول کا اثر قبول کرتے ہوئے حالات کے ساتھ مصالحت کو اپنے لیے سامان عافیت خیال کرتے ہیں، اپنے انفرادی ماحول کی مختصر سی دنیا میں اگر انہیں زندہ رہنے کا حق مل جائے۔ تو اسے اپنی کامیابی کی آخری منزل قرار دیتے ہیں۔ اگر غیرتِ ایمانی یا باطل قوتوں کے ساتھ برسرِ پیکار ہونے کا فطری جذبہ کبھی انہیں حالات کی تلخی کا احساس دلاتا بھی ہے۔ تو عقل عیار۔

"زمانہ با تو نسازد تو با زمانہ بساز"

کا سبق پڑھا کر پھر انہیں طلسم سامری کا اسیر بنا دیتی ہے۔

دوسرے وہ لوگ ہیں۔ جو حالات کا اثر قبول کرنے کے بجائے ماحول کے اوپر اثر انداز ہونا مردانگی کی دلیل سمجھتے ہیں۔ جو مخالفتوں سے گھبراتے نہیں۔ بلکہ تندیٔ بادِ مخالف کو بلندیٔ پرواز کا فال سمجھتے ہیں۔ اگر انہیں کسی امتحانی مرحلہ سے گزرنا پڑے۔ تو ہتھیار ڈال نہیں دیتے بلکہ ستاروں کی تنک تابی کو دلیل صبح خیال کرتے ہیں۔ وہ حالات کی تلخی پر آنسو بہانے کے بجائے عمل کی قوت کو قوم کی تقدیر سمجھتے ہیں۔ بلکہ دانائے راز کے اس رازِ زندگی کہ۔۔۔

حدیث بے خبر انست کہ تو با زمانہ بساز
زمانہ با تو نسازد تو با زمانہ ستیز

کو وقت کا تقاضا سمجھتے ہیں۔

دارالعلوم محمدیہ غوثیہ کے فارغ التحصیل علماء کے کونشن کی چوتھی نشست

Marfat.com

ہیں دوسرے گروہ کے سرخیل علامہ ڈاکٹر پروفیسر محمد طاہر القادری مہمان خصوصی کی حیثیت سے تشریف لانے والے تھے۔

ماحول میں قدرتی طور پر ایک خاص قسم کی اپنائیت محسوس ہو رہی تھی۔

"الارواح مجندۃ" کی ازلی صداقتیں انجانی مسرتوں کی صورت میں چہروں سے ہویدا تھیں۔ مہمانِ معظم راستہ کی مصروفیات کے سبب بروقت نہ پہنچ سکے۔ جس کے سبب اجلاس کی باقاعدہ کارروائی ذرا دیر سے شروع ہوئی۔ البتہ عاشقانِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آٹھ بجتے ہی پنڈال میں جمع ہونے لگے۔ چند لمحات میں دارالعلوم کا ہال نا صحن کھچا کھچ بھر گیا۔ اگرچہ موسم میں خاصی خنکی تھی لیکن جذبات کی حدت نے سامعین کو اس کا ذرا بھر احساس نہ ہونے دیا۔ قاری مرید حسین صاحب چشتی اور قاری بشیر احمد صاحب نے یکے بعد دیگرے تلاوتِ کلام مقدس سے محفل کا رنگ جما یا۔ اور جناب قاری حافظ عبداللطیف صاحب قادری نے بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں اس خلوص اور محبت سے نذرانہ عقیدت پیش کیا کہ پوری محفل جھوم جھوم گئی۔

